**29.07.2024**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین

**Music**

.................................................................................

☆ مرکز نے دلّی میں UPSC کے امیدواروں کی موت کے کیس میں تفتیش کیلئے ایک کمیٹی تشکیل دی ہے۔ پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں اس معاملے پر شور وغل ہوا۔

☆ سرکار نے بھارتی ساحلی گارڈ کی صلاحیتوں کو مزید بہتر بنانے کیلئے 22 انٹرسیپٹر کشتیاں خریدنے کی منظوری دی ہے۔

☆ حزب اللہ کو اسرائیل کی طرف سے وارننگ دیئے جانے کے بعد بھارت نے لبنان کیلئے ٹریول ایڈوائزری جاری کی ہے۔

☆ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر کا کہنا ہے کہ کواڈ ممبر اصول پر مبنی عالمی منظرنامہ اور بھارت بحرالکاہل خطے کے تحفظ کیلئے مل کر کام کر رہے ہیں۔

☆ اور پیرس اولمپکس میں، مردوں کی بھارتی ہاکی ٹیم نے آج پول B کے اپنے دوسرے میچ میں ارجنٹینا کے خلاف میچ برابری پر ختم کیا۔

.................................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

## *NHA Committee Coaching*

وزارت داخلہ نے دلّی کے اولڈ راجندر نگر میں ایک کوچنگ سینٹر میں UPSC کی تیاری کرنے والے تین امیدواروں کی موت کے واقع کی چھان بین کیلئے ایک کمیٹی تشکیل دی ہے۔ یہ کمیٹی حادثے کی وجوہات کا پتہ لگائے گی، ذمے داری طے کرے گی، اقدامات کا مشورہ دے گی اور پالیسی میں تبدیلی کی سفارش کرے گی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزارت نے کہا ہے کہ کمیٹی میں شہری امور کی وزارت کے ایڈیشنل سکریٹری، دلّی سرکار کے پرنسپل داخلہ سکریٹری، دلّی پولیس کے اسپیشل CP، فائر ایڈوائزر اور دوسرے لوگ شامل ہوں گے۔ کمیٹی 30 دن کے اندر اپنی رپورٹ پیش کرے گی۔

## Rev. LS Coaching Centres

دلی کے ایک کوچنگ سینٹر میں پانی میں ڈوبنے کی وجہ سے UPSC کے امیدوار طلبا کی موت سے متعلق معاملہ آج لوک سبھا میں اٹھایا گیا۔ بی جے پی اور کانگریس نے اِس کی تحقیقات کرائے جانے کا مطالبہ کیا۔

وقفۂ صفر کے دوران بی جے پی کی ممبر بانسری سوراج نے مطالبہ کیا کہ امور داخلہ کی مرکزی وزارت اِس معاملے کی جانچ کے لیے ایک تحقیقاتی کمیٹی قائم کرے۔

کانگریس کے ششی تھرور نے بھی اِس معاملے میں ایک جامع تفتیش کا مطالبہ کیا۔

سماجوادی پارٹی کے اکھیلیش یادو نے مطالبہ کیا کہ اُن افسروں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے جو کوچنگ سینٹر چلانے کے لیے منظوری کا سٹرفکیٹ دینے کے ذمہ دار ہیں۔ انھوں نے یہ بھی جاننا چاہا کہ اب تک ان افسروں کے خلاف کیا کارروائی کی گئی ہے۔

راجیہ سبھا میں بحث کی شروعات کرتے ہوئے BJP کے ڈاکٹر سدھانشو ترویدی نے اِس حادثے کو مجرمانہ غفلت قرار دیا اور یہ بھی سوال کیا کہ دلّی سرکار کی ایجنسیوں کے ذریعے نالیوں کی صفائی پر کتنے پیسے خرچ کئے گئے ہیں۔

S/B 2100 Sudhanshu Trivedi

TMC کے ڈیریک اوبرائن نے بھی حادثے پر تشویش کا اظہار کیا اور کہا کہ نئی تعلیمی پالیسی میں تعلیم کے معاملے پر صحیح توجہ نہیں دی گئی ہے۔بحث کی شروعات کرتے ہوئے تعلیم کے مرکزی وزیر دھرمیندر پردھان نے کہا کہ اس معاملے میں غفلت ہوئی ہے اور ذمے دار لوگوں کو سزا ملنی چاہئے۔عام آدمی پارٹی کی سواتی مالیوال نے کہا کہ دلّی سرکار کو مرنے والے سبھی نوجوانوں کو ایک کروڑ کا معاوضہ دینا چاہئے۔

## Govt Rahul

اطلاعات ونشریات کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے اسپیکر کے عہدے پر سوال اٹھانے کیلئے اپوزیشن لیڈر اور کانگریس کے رہنما راہل گاندھی پر نکتہ چینی کی ہے۔ نئی دلّی میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے جناب ویشنو نے کہا کہ جناب گاندھی کا یہ قدم جمہوریت اور آئین کو کمزور کرے گا۔

S/B 2100 Ashwini Vaishnav

پارلیمنٹ کے باہر میڈیا سے بات کرتے ہوئے پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے لوک سبھا میں جناب گاندھی کے رویّے کی مذمت کی ہے کیونکہ اسپیکر ایوان کا محافظ ہے۔ جناب رجیجو نے کہا کہ چونکہ راہل گاندھی اب اپوزیشن کے لیڈر بن گئے ہیں، انھیں پارلیمنٹ کے اصول کے مطابق کام کرنا چاہئے۔

S/B 2100 Kiren Rijiju

## Rajnath DAC

دفاعی سامان کی خرید سے متعلق کونسل DAC نے جدید طرز کے 22 انٹرسپٹر کشتیاں خریدنے کی منظوری دی

ہے تاکہ بھارتی ساحلی گارڈ کی صلاحیتوں کو مزید بہتر کیا جاسکے۔ یہ میڈیکل بچاؤ سمیت ساحلی نگرانی اور پیٹرولنگ، تلاش اور بچاؤ کی کارروائیوں کیلئے استعمال کئے جائیں گے۔ ان کشتیوں کے پاس جلدی سے پتہ لگانے اور آبی حدود میں کارروائیاں کرنے کی صلاحیت ہے۔وزیر دفاع راجناتھ سنگھ کی صدارت میں آج DAC کی میٹنگ ختم ہوئی جس میں خریداری کے کئی تجاویز منظور کئے گئے۔x

## RS Udan

اُڑان اسکیم کے تحت 13 ہیلی پورٹس اور دو آبی ایروڈومس سمیت 85 ایئرپورٹ کو جوڑنے کے مجموعی طور پر 579 روٹس فی الحال کام کر رہے ہیں۔

آج راجیہ سبھا میں شہری ہوا بازی کے وزیرمملکت مرلی دھر Mohol نے ایک تحریری جواب میں یہ بات بتائی۔ وزیر موصوف نے کہا کہ مرکزی سرکار نے ملک بھر میں 21 نئے گرین فیلڈ ایئرپورٹ بنانے کی اصولی طور پر منظوری دے دی ہے۔ ان میں سے 12 گرین فیلڈ ایئرپورٹ پچھلے دس سال سے کام کر رہے ہیں۔

## PM Budget Confrence

وزیراعظم نریندر مودی کل نئی دلی میں ''مرکزی بجٹ 2024-25 کے بعد کی کانفرنس، وِکست بھارت کی طرف سفر'' کے افتتاحی اجلاس سے خطاب کریں گے۔ اِس کانفرنس کا اہتمام بھارتی صنعتوں کی کنفیڈریشن CII کررہی ہے اور اِس کا مقصد اِس کوشش میں ترقی کے لیے سرکار کے وسیع تر نظریے اور صنعت کے رول کا خاکہ پیش کرنا ہے۔

اِس کانفرنس میں صنعتوں، سرکار، سفارتی برادری اور دانشورانہ حلقوں کے ایک ہزار سے زیادہ مندوبین وہاں موجود رہ کر شرکت کریں گے جبکہ کئی دیگر شرکاء ملک بھر میں CII کے مختلف مراکز اور بیرون ملک سے بھی ورچوئل وسیلے سے اس میں شامل ہوں گے۔

## Defence NSE MOU

وزارتِ دفاع اور انڈیا لمیٹڈ کے قومی اسٹاک ایکسچینج NSE نے آج ایک مفاہمت نامے پر دستخط کئے ہیں تاکہ MSMEs کو سرمایہ بازار کی رسائی فراہم کی جاسکے۔ اِس مفاہمت نامے کا مقصد دفاعی شعبے میں MSMEs کی رسائی کرنا ہے تاکہ NSE پلیٹ فارم، NSE Emerge کے ذریعے اُن کے ترقی کے منصوبے کے پیداواری سرمایہ کو بڑھایا جاسکے۔ یہ پلیٹ فارم مختلف قسم کے سرمایہ کاروں سے ایکویٹی سرمایہ کے اضافے کیلئے نئے اور مختلف اختیارات فراہم کرتا ہے۔ وزارت دفاع نے کہا ہے کہ یہ مفاہمت نامہ پانچ سال کیلئے ہوگا۔ اس مدت کے دوران، دونوں محکمے وسیع پیمانے پر بیداری کی مہم چلائیں گے۔

## BIS MOU

بھارتی معیارات کے بیورو BIS نے گووند بلبھ بھائی پنت یونیورسٹی آف ایگریکلچر اینڈ ٹیکنالوجی کے ساتھ ایک

مفاہمت نامے پر دستخط کیا ہے تاکہ بھارت میں اپنی نوعیت کا پہلا Standardized ایگریکلچر ڈیمونسٹریشن فارم کا قیام کیا جاسکے۔ یہ فارم بھارتی معیارات کے مطابق نئی ٹیکنالوجی اور مختلف قسم کے زرعی طور طریقے کے نفاذ اور ٹیسٹنگ کے ایک تجرباتی مرکز کے طور پر کام کرے گا۔

BIS کے ڈائریکٹر جنرل پرمود کمار تیواری نے کہا ہے کہ یہ شراکت داری بھارتی معیارات کو بروئے کار لاکر زرعی طور طریقوں کو بہتر کرے گی جس سے کسانوں کو فائدہ ہوگا اور زرعی اختراعات میں اضافہ ہوگا۔

## Shivraj CG Meeting

زراعت اور کسانوں کی بہبود اور دیہی ترقیات کے مرکزی وزیر شیو راج سنگھ چوہان نے آج نئی دلی میں چھتیس گڑھ کے وزیر اعلیٰ Vishnudev Sai اور نائب وزیر اعلیٰ Vijay Sharma کے ساتھ ایک میٹنگ کی۔ میٹنگ میں انہوں نے پردھان منتری گرام سڑک یوجنا، پردھان منتری دیہی آواس یوجنا، مہاتما گاندھی قومی دیہی روزگار گارنٹی اسکیم جیسے مختلف امور پر تبادلۂ خیال کیا۔ میٹنگ میں جناب چوہان نے بتایا کہ مرکزی سرکار چھتیس گڑھ میں ہر غریب کیلئے سڑک اور مکانات کے فروغ کیلئے پابند عہد ہے اور مرکزی اور ریاستی سرکار مل کر ریاست کے عوامی بہبود کے کاموں کو پورا کریں گی۔

## MEA Advisory Lebnan

لبنان کے حزب اللہ گروپ کے خلاف اسرائیلی وارننگ کی وجہ سے تنازعے میں اضافے کے پیش نظر لبنان میں بھارتی سفارتخانے نے ایک ٹریول ایڈوائزری جاری کی ہے۔ اس ایڈوائزری میں کہا گیا ہے کہ لبنان میں موجود بھارتی یا وہ جو لبنان کو سفر کرنے کا منصوبہ بنا رہے ہیں اُنہیں بیروت میں سفارتخانے کے ساتھ رابطے میں رہنا ضروری ہے۔ ایکس پر ایک پوسٹ میں بھارتی سفارتخانے نے بتایا کہ خطے میں حالیہ واقعات کے تناظر میں بھارتی شہریوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ احتیاط سے کام لیں اور بیرون میں بھارتی سفارتخانے کے رابطے میں رہیں۔ اسی دوران اسرائیل اور مسلح سیاسی گروپ حزب اللہ کے درمیان بڑھتی کشیدگی کے پیش نظر بیرون سے آنے اور جانے والی بین الاقوامی پروازیں یا تو منسوخ کر دی گئی ہیں یا اُن میں تاخیر کی گئی ہے۔ لبنان کی Middle East Airlines نے ایک بیانیے میں کہا کہ خطرات سے بچاؤ کیلئے پروگرام میں یہ تبدیلی کی گئی ہے۔ ہفتے کے روز اسرائیلی مقبوضہ گولان پہاڑیوں پر حملے کے بعد جس میں 12 بچے اور نو عمر افراد مارے گئے تھے یہ ایڈوائزری جاری کی گئی ہے۔

## Jaishankar Quad

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ Quad کے اشتراک سے ہی اِس بات کو یقینی بنایا جاسکتا ہے کہ بھارت-بحرالکاہل خطہ آزاد، کھلا، مستحکم، محفوظ اور خوشحال رہے۔ آج ٹوکیو میں Quad کی سربراہ میٹنگ کے آغاز پر اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ممبر ملکوں نے عالمی سطح پر بہبود کے اقدامات کرنے کا جو عہد کیا ہے وہ اِس خطے سے باہر بھی مفید ثابت ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اِس لیے یہ ضروری ہے کہ سیاسی مفاہمت مستحکم ہو، اقتصادی

ساجھیداری کو فروغ حاصل ہو، تکنیکی اشتراک کو وسعت ملے اور عوام سے عوام کے رابطوں میں تیزی آئے۔

ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ اس میٹنگ سے یہ واضح پیغام ملنا چاہئے کہ Quad گروپ برقرار رہے گا اور مزید فروغ حاصل کرے گا۔ ٹوکیو میں Quad کے وزراء خارجہ کی میٹنگ میں ڈاکٹر جے شنکر کے ساتھ ساتھ جاپان، امریکہ اور آسٹریلیا کے وزراء خارجہ نے بھی شرکت کی۔

## Bihar Train

بہار میں، نئی دلّی آنے والی بہار سمپرک کرانتی ایکسپریس کے ایک ڈبّے آج صبح انجن سے الگ ہوگئے اور مسافر بال بال بچ گئے۔ ریلوے حکام نے کہا ہے کہ ایسٹ سینٹرل ریلوے کے سون پور ڈویژن نے خودی رام بوس ریلوے اسٹیشن کے پاس ٹرین کا ایک Coupling ٹوٹ گیا۔ حکام نے کہا ہے کہ اِس حادثے میں کوئی مسافر زخمی نہیں ہوا ہے۔ حادثے کی اطلاع کے بعد انجن کو ٹرین سے جوڑا گیا اور اِسے نئی دلّی بھیجا گیا۔ بہار سمپرک کرانتی ایکسپریس، دربھنگہ اور نئی دلّی کے بیچ چلتی ہے۔

## NTCA MEETING

ماحولیات، جنگلات اور آب وہوا کی تبدیلی محکمے کے وزیر بھوپیندر یادو نے آج نئی دلی میں شیروں کے تحفظ سے متعلق قومی اتھارٹی کی 25 ویں میٹنگ کی صدارت کی۔ اِس محکمے کے وزیرمملکت کیرتی وَردھن سنگھ بھی اُن کے ہمراہ موجود تھے۔ جناب یادو نے شیروں کے تحفظ میں ملکی تکنیک کو بروئے کار لانے کے امکان تلاش کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔

## Venezuela President

Venezuela میں Nicolas Maduro نے تیسری مرتبہ صدارتی انتخابات جیت لیا ہے۔ الیکٹورل کونسل کے سربراہ، Elvis Amoroso نے کہا کہ کل ووٹنگ کے 80 فیصد ووٹوں میں سے صدر Maduro نے 51 فیصد ووٹ حاصل کئے ہیں۔Venezuela کے 21 اعشاریہ 6 ملین سے زیادہ شہریوں نے 10 صدارتی امیدواروں میں سے صدر Nocolas Maduro کا انتخاب کیا ہے۔ دوسری طرف، Venezuela کی اپوزیشن نے نتائج کو دھوکہ دہی قرار دیتے ہوئے CNE کے اعلان کو مسترد کر دیا ہے اور اُسے چیلنج کرنے کا وعدہ بھی کیا ہے۔

## Bangladesh Mourning

بنگلہ دیش میں، حکومت حال ہی میں ملک گیر سطح پر کوٹے کے نظام میں اصلاح سے متعلق تحریک پر مرکوز پر تشدد واقعات میں مارے گئے لوگوں کی یاد میں کل ایک دن کا سوگ منائے گی۔ یہ فیصلہ آج ایک کابینی میٹنگ میں کیا گیا، جس کی صدارت وزیر اعظم شیخ حسینہ کررہی تھیں۔ وزیر داخلہ آزاد الزماں خان کے مطابق تشدد کے اِن واقعات میں 150 افراد کی جانیں تلف ہوئی ہیں۔

## Olympic Hockey

پیرس اولمپک میں آج بھارت کے مردوں کی ہاکی ٹیم نے پول B کے ایک میچ میں ارجنٹینا کے ساتھ میچ برابری پر ختم کیا۔ Lucas Martinez نے پہلے ہاف میں ارجنٹینا کیلئے گول کیا لیکن کپتان ہرمن پریت سنگھ نے آخری منٹ کے شروعات سے پہلے پنالٹی کارنر کے ذریعے گول کیا۔ اس طرح میچ ایک-ایک کی برابری پر ختم ہوا۔

بھارتی مردوں کی ہاکی ٹیم کا اگلا مقابلہ آئرلینڈ کے ساتھ ہوگا۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے ہرمن پریت سنگھ نے کہا کہ ٹیم نے اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے لیکن مزید بہتر کرنے کی ضرورت ہے۔

S/B 2100 Harmanpreet Singh

بھارت چھ ٹیموں پر مشتمل پول B میں دو میچوں سے چار پوائنٹ حاصل کرکے تیسرے مقام پر ہے۔

بھارت کو کوارٹر فائنل میں پہنچنے کیلئے پول B میں چوتھا مقام حاصل کرنا ہوگا۔

ایک اور کھیل مقابلے میں بھارت کے مردوں کی تیراندازی کی ٹیم ترکیے سے ہار کر کوارٹر فائنل سے باہر ہوگئی۔ بھارتی ٹیم میں دھیرج Bommadevara، ترون دیپ رائے اور پروین جادھو شامل ہیں۔

☆☆☆☆☆☆☆☆